Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ______________

Sig. of Invigilator: ______________

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) اُردو زبان کے لیے لفظ ''اردو'' سب سے پہلے کس شاعر نے استعمال کیا؟

الف۔ انشا اللہ خان انشاؔ　ب۔ غلام ہمدانی مصحفیؔ

ج۔ میر تقی میر　د۔ خواجہ میر دردؔ

(ii) ادبی اعتبار سے دکنی دور کی سب سے مشہور تصنیف کون سی ہے؟

الف۔ نوطرز مرصع　ب۔ آرائش محفل

ج۔ باغ و بہار　د۔ سب رس

(iii) فورٹ ولیم کالج کا قیام کس سن میں ہوا؟

الف۔ 1800ء　ب۔ 1830ء

ج۔ 1900ء　د۔ 1930ء

(iv) ''باغ و بہار'' اردو کی کس صنف سے تعلق رکھتی ہے؟

الف۔ ناول　ب۔ داستان

ج۔ افسانہ　د۔ ناولٹ

(v) ''فسانۂ آزاد'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ رجب علی بیگ سرور　ب۔ پنڈت رتن ناتھ سرشارؔ

ج۔ میر امن　د۔ نذیر احمد

(vi) عبدالحلیم شررؔ کے ناولوں کا موضوع کیا ہے؟

الف۔ سیاسی　ب۔ تاریخی

ج۔ نفسیاتی　د۔ معاشرتی

(vii) ''آگ کا دریا'' یہ ناول کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ عصمت چغتائی　ب۔ عزیز احمد

ج۔ قرۃ العین حیدر　د۔ بانو قدسیہ

(viii) ''انگارے'' کیا ہے؟

الف۔ افسانوں کا مجموعہ　ب۔ مضامین کا مجموعہ

ج۔ سوانح　د۔ ناول

(ix) امجد اسلام امجد، حسینہ معین، فاطمہ ثریا بجیا اور اطہر شاہ خان نے ادب کی کس صنف میں خدمات انجام دی ہیں؟

الف۔ افسانہ　ب۔ ڈرامہ

ج۔ خاکہ نگاری　د۔ ناول نگاری

(x) مقدمہ شعر و شاعری، شعرالعجم، موازنہ انیسؔ و دبیرؔ کا تعلق کس صنف سے ہے؟

الف۔ افسانہ　ب۔ تنقید

ج۔ تاریخ نگاری　د۔ خاکہ نگاری

(xi) طلسماتی فضاء، مافوق الفطرت عناصر، حق و باطل کا تصادم، پُر اسراریت، دلچسپی و طوالت کس صنف ادب کی خصوصیات ہیں؟

الف۔ داستان ب۔ ناول

ج۔ افسانہ د۔ سوانح

(xii) ''قطب مشتری'' مثنوی کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ قلی قطب شاہ ب۔ ملا وجہی

ج۔ وؔلی دکنی د۔ ملک الشعراء النصرتیؔ

(xiii) 'عوامی شاعر' یا 'انسان دوست شاعر' کس کا کہا جاتا ہے؟

الف۔ اکبر الٰہ آبادی ب۔ نظیر اکبر آبادی

ج۔ الطاف حسین حالی د۔ محمد حسین آزاد

(xiv) خدیجہ مستور کے کس ناول کو آدم جی ادبی انعام ملا؟

الف۔ ٹھنڈا میٹھا پانی ب۔ بوچھاڑ

ج۔ زمین د۔ آنگن

(xv) وحدت تاثر کس صنف ادب کی بنیادی شرط ہے؟

الف۔ ناول ب۔ افسانہ

ج۔ خاکہ د۔ مضمون

(xvi) ڈراما لفظ ''ڈراؤ'' سے مشتق ہے بتایئے یہ کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ ترکی ب۔ فارسی

ج۔ یونانی د۔ سنسکرت

(xvii) دبستان دہلی کے نمائندہ شاعر کون سے ہیں؟

الف۔ آتشؔ و ناسخؔ ب۔ داغؔ و مومنؔ

ج۔ میر تقی میرؔ اور سوداؔ د۔ جراتؔ و انشاء

(xviii) علامہ محمد اقبال نے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

الف۔ آکسفورڈ ب۔ میونخ

ج۔ پنجاب د۔ علی گڑھ

(xix) ''بابائے اردو'' کس کا کہا جاتا ہے؟

الف۔ مولانا شبلی نعمانی ب۔ مولانا حالی

ج۔ مولوی عبدالحق د۔ رشید احمد صدیقی

(xx) ''انار کلی'' ڈرامے کا خالق کون ہے؟

الف۔ منو بھائی ب۔ یونس جاوید

ج۔ سید امتیاز علی تاج د۔ اشفاق

---

برائے ممتحن : کل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ☐

# اُردو اختیاری    ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے        کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲۔ توبۃ النصوح ایک اصلاحی ناول ہے؟ دلائل سے ثابت کریں۔ (یا) (12)
مرزا ظاہر دار بیگ ہمارے معاشرے کا جیتا جاگتا کردار ہے وضاحت کریں۔

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو۔ (3x5=15)

(i) سلطان یمن کے بیٹوں پر کیا گزری؟
(ii) کیا امراؤ جان اداؔ اپنے والدین کے گھر خوش تھی؟
(iii) سلمان کے باپ کو کس بات پر فخر تھا؟
(iv) فیضؔ نے اقبالؔ کو ایک ''خوش نوا'' فقیر کیوں کہا ہے؟

سوال نمبر۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ بس بڑے چچا! اتنی شاندار زندگی کا یہی انجام ہونا تھا؟...... تین ہزار روپے کا عطیہ اور اظہار افسوس؟' پتا نہیں کپڑے کی دکانوں کے لیے بیس پچیس ہزار روپے ملے تھے یا نہیں؟ بجلی کا کنکشن بحال ہوا تھا یا نہیں؟ کیا اسی لالٹین کی پیلی پیلی روشنی میں بڑے چچا کی لاش رکھ کے سب روتے رہے ہوں گے؟ پتا نہیں جمیل بھیا کا کیا حال ہوگا؟ موت نے سارے اختلافات مٹا دیے ہوں گے کہ نہیں؟

ب۔ دوسری قوموں کی رسومات کا اختیار کرنا اگر چہ بے تعصبی اور دانائی کی دلیل ہے مگر جب وہ رسمیں اندھے پن سے صرف تقلیداً بغیر سمجھے بوجھے اختیار کی جاتی ہیں تو کافی ثبوت نادانی اور حماقت کا ہوتی ہیں۔ دوسری قوموں کی رسومات اختیار کرنے میں اگر ہم دانائی اور ہوشیاری سے کام کریں تو اُس قوم سے زیادہ فائدہ اُٹھا سکتے ہیں' اس لیے کہ ہم کو اُس رسم سے تو موانست نہیں ہوتی اور اس سبب سے اُس کی حقیقی بھلائی یا برائی پر غور کرنے کا' بشرطیکہ ہم تعصب کو کام میں نہ لاویں، بہت اچھا موقع ملتا ہے۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
نظام اپنا لیے پھرتا ہے کیا خورشید نور افشاں
ہزاروں ایسی دنیاؤں کو شامل ہے نظام اُس کا
میں اس کو کعبہ و بتخانہ میں کیوں ڈھونڈنے جاؤں
مرے ٹوٹے ہوئے دل ہی کے اندر ہے مقام اُس کا
سراپا معصیت میں ہوں' سراپا مغفرت وہ ہے
خطا کوشی روش میری' خطا پوشی ہے کام اُس کا

ب۔
خنکی وہ بیاباں کی وہ رنگینی صحرا
وہ وادیٔ سر سبز وہ تالاب مصفا
پیشانیٔ گردوں پہ وہ ہنستا ہوا تارا
وہ راستے جنگل کے وہ بہتا ہوا دریا
ہر سمت گلستاں میں وہ انبار گلوں کے
شبنم سے وہ دھوئے ہوئے رخسار گلوں کے

سوال نمبر۶۔ نظم ''زندگی سے ڈرتے رہو'' کا فکری و فنی جائزہ لیں۔ (یا) (9)
فیض احمد فیض کی نظم ''اقبال'' کا خلاصہ تحریر کریں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ دبستانِ دہلی کی شعری خصوصیات
ب۔ اُردو ادب میں افسانہ کا ارتقاء
ج۔ انٹرنیٹ کا استعمال کتب بینی کے رجحان میں کمی کا سبب ہے۔
د۔ فورٹ ولیم کالج، مقاصد و خدمات

سوال نمبر۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ ناول
ب۔ مضمون

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ حمد
ب۔ رُباعی